2024-08-08

Hrs 08.30

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں محمد عمار

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

------------------------------------------------------------

1. صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے Wellington میں نیوزی لینڈ بین الاقوامی تعلیمی کانفرنس سے خطاب کیا۔
صدر جمہوریہ نے کہاکہ تعلیم، سماجی یکسر تبدیلی اور ملک کی تعمیر کا ایک وسیلہ ہے۔

2. ریزرو بینک آف انڈیا آج اپنی دو ماہی مالی پالیسی کا اعلان کرے گا۔

3. خلائی تحقیق کی بھارتی تنظیم اِسرو زمین کا مشاہداتی سیارچہ EOS مدار میں پہنچاکر یوم آزادی منائے گی۔

4. بنگلہ دیش میں نوبل امن انعام یافتہ محمد یونس کی سربراہی میں عبوری حکومت آج رات حلف لے گی۔

5. پیرس اولمپکس میں نیزہ پھینکنے والے اولمپک چمپئن نیرج چوپڑا آج اپنے خطاب کا دفاع کریں گے۔ بھارتی مردوں کی ہاکی ٹیم کانسے کے تمغہ کیلئے اسپین کا سامنا کرے گی۔

6. اور بھارت نے کاٹھمانڈو میں نیپال کو شکست دے کر CAVA خواتین والی بال نیشنز لیگ چمپئن شپ کا خطاب جیت لیاہے۔

اب خبریں تفصیل سے۔

Prez.New Zealand Visit

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا ہے کہ تعلیم، سماجی تبدیلی اور ملک کی تعمیر کا ایک موثر وسیلہ ہے۔ آج ولنگٹن میں Takina ولنگٹن کنوینشن سینٹر میں نیوزیلینڈ کی بین الاقوامی تعلیمی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے صدر جمہوریہ نے کہا کہ بھارت سرکار نے ملک میں تعلیم کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے کئی اقدامات کیے ہیں۔

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو، جو نیوزیلینڈ کے دو روزہ سرکاری دورے پر ہیں، آج صبح راجدھانی ولنگٹن پہنچیں۔ ولنگٹن میں گورنمنٹ ہاؤس میں نیوزی لینڈ کی گورنر جنرل Dame Cindy Kiro کی موجودگی میں اُنھیں باضابطہ طور پر استقبالیہ دیا گیا اور رائل گارڈ آف آنر پیش کیا گیا۔

VC Sri Sai

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کو دی گئی باضابطہ استقبالیہ تقریب کے دوران مالامال روایتی Maori ثقافت کو پوری طرح نمایاں کیا گیا۔ گورنر جنرل Dame Cindy Kiro نے ولنگٹن میں گورنمنٹ ہاؤس کے لان میں براہ راست Haka کارکردگی کے بعد Hongi روایت میں ان کا خیر مقدم کیا۔ استقبالیہ تقریب کے بعد صدر مرمو نے Takina کنویشن سینٹر میں نیوزیلینڈ انٹرنیشنل ایجوکیشن کانفرنس سے خطاب کیا۔ جہاں انہوں نے تعلیمی نصاب میں Maori ثقافت کو شامل کرنے کے لیے نیوزی لینڈ حکومت کی تعریف کی۔ انہوں نے کہا کہ 2020 کی تعلیمی پالیسی میں بھارت کے لئے تعلیمی نظام میں کثیر تادیبی طریقہ کار کو شامل کیا گیا ہے۔

صدر مرمو نے بعد میں دن میں نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ Winston Peters کے ساتھ باہمی میٹنگ کی۔ Wellington سے سری سائی Vempati کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں.......

## LS Finae Bill

لوک سبھا نے کچھ ترامیم کے ساتھ مالیاتی بل 2024 کو منظوری دے دی ہے۔ یہ بل مالی برس 2024-25 کیلئے مرکزی حکومت کی مالی تجاویز پر اثر انداز ہوتا ہے۔ بل کی منظوری کے ساتھ ہی بجٹ کا عمل اب مکمل ہوگیا ہے۔ لوک سبھا میں بل پر بحث کا جواب دیتے ہوئے وزیر خزانہ نرملاسیتا رمن نے اِس بات پر زور دیا کہ ٹیکس نافذ کرنے کا طریقہ، ٹیکس قوانین اور طریقۂ کار کو زیادہ آسان بنانا رہا ہے اور ملک کو ترقی اور روزگار پیدا کرنے کے قابل بنانا ہے۔

میڈیکل اور لائف انشورنس کے بارے میں GST کو واپس لینے کی اپوزیشن کی مانگ پر محترمہ سیتارمن نے کہاکہ میڈیکل انشورنس پر 18 فیصد GST ہٹانے کے معاملے کا فیصلہ GST کونسل میں کیا جاسکتا ہے۔

انہوں نے کہاکہ پارلیمنٹ میں ترمیم لانے سے پہلے GST کونسل میں اِس بارے میں کوئی فیصلہ کیا جاسکتا ہے۔

محترمہ سیتا رمن نے کہا کہ اِس بجٹ میں نئے نظام میں تنخواہ دار ملازمین کیلئے معیاری کٹوتی بھی 50 ہزار سے بڑھاکر 75 ہزار روپے کر دی گئی ہے۔ انہوں نے کہاکہ پچھلے مہینے کی 31 تاریخ تک 2024-25 کیلئے دو کروڑ 28 لاکھ انکم ٹیکس ریٹرنس داخل کئے گئے جو کہ ایک ریکارڈ ہے، اور پچھلے سال کے مقابلے سات اعشاریہ پانچ فیصد زیادہ ہے۔

بِل کی منظوری کے بعد لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا نے ایوان میں باقی دن کی کارروائی ملتوی کردی تھی۔x

## RS Private Universities

یونیورسٹی گرانٹ کمیشن یوجی سی نے گزشتہ پانچ برسوں میں 149 پرائیویٹ یونیورسٹیوں کو منظوری دی ہے۔ راجیہ سبھا میں ایک تحریری جواب میں تعلیم کے مرکزی وزیر مملکت ڈاکٹرSukanta مجمدار نے بتایا کہ یوجی سی کو خود مختار حیثیت کی اجازت دینے کیلئے ملک

بھر کے مختلف کالجوں سے 806 تجاویز اور درخواستیں موصول ہوئی ہیں۔ انہوں نے کہاکہ ان میں سے613 تجاویز کو یوجی سی کی طرف سے منظوری دی گئی۔

## ISRO I Day Mission

خلائی تحقیق کی بھارتی تنظیم اِسرو زمین کا مشاہداتی سیارچہ EOS مدار میں پہنچاکر یوم آزادی منائے گی۔ اِسے چھوٹے سیارچے کو لانچ کرنے کی گاڑی SSLV راکٹ کے ذریعے مدار میں پہنچایا جائے گا۔

اِسرو نے کہاہے کہ SSLV کی تیسری اور حتمی پرواز کو آندھرا پردیش کے سری ہری کوٹہ سے صبح 9 بجکر 17 منٹ پر 15 اگست کو خلا میں بھیجا جائے گا۔ یہ راکٹ 175 اعشایہ پانچ کلو گرام وزن کے بہت چھوٹے سیارچے EOS-08 کو لے جائے گا۔

## V/C Sudhindra

اسرو کے ذریعے تیار کردہ چھوٹے سیٹیلائٹ کو لانچ کرنے کی خلائی گاڑی SSLV، 15 اگست کو سری ہری کوٹا میں واقع خلائی مرکز سے اپنی تیسری اور حتمی آزمائشی پرواز کرے گی۔

SSLV-D3 راکٹ، زمین کے مشاہداتی سیارچہ EOS-08 کو مدار میں پہنچائے گا۔ EOS-08 جدید ترین پے لوڈس کا حامل ہے، جو قدرتی آفات کی نگرانی، ریموٹ سینسنگ، آگ لگنے اور سیلاب کا پتہ لگانے نیز الٹراوائلیٹ ارتعاش کی پیمائش کے لیے نہایت کارآمد ہے۔ اسرو کے ذریعے تیار کردہ چھوٹی لانچ وہیکل نہایت کم قیمت میں تیار کی جا سکتی ہے۔ اس میں متعدد چھوٹے چھوٹے سیٹیلائٹوں کو رکھنے کی گنجائش ہے۔ اِسے مانگ پر کم سے کم بنیادی ڈھانچے کی ضروریات کے ساتھ کم وقت میں لانچ کیا جا سکتا ہے۔

اِس کے ذریعے 500 کلوگرام سیٹیلائٹ کو 500 کلومیٹر دور مدار تک پہنچایا جا سکتا ہے۔ اس آزمائشی پرواز کے کامیابی کے ساتھ مکمل ہوجانے کے بعد اِسے پروڈکشن کے لیے پرائیویٹ سیکٹر کو منتقل کیا جائے گا۔

بینگلورو سے سدھیندر کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں......

## Rashtriya Vigyan Puraskar

حکومت نے راشٹریہ وگیان پُرسکار کا اعلان کیا ہے، جو ملک میں سائنس، ٹیکنالوجی اور اختراع کے شعبوں میں ایک اعلیٰ ترین اعزاز ہے۔ اِسرو-چندریان 3 ٹیم کو خلائی سائنس اور ٹیکنالوجی میں اُن کی خدمات کیلئے وِگیان ٹیم ایوارڈ سے نوازا جائے گا۔

انڈین انسٹی ٹیوٹ آف سائنس کے سابق ڈائریکٹر پروفیسر جی پدمانابھن کو بایولوجیکل سائنسز میں وِگیان رتن ایوارڈ کیلئے منتخب کیا گیا ہے۔ اِس ایوارڈ میں سائنس اور ٹیکنالوجی کے کسی بھی شعبے میں تاحیات حصولیابیوں اور خدمات کو تسلیم کیا جاتا ہے۔

سبھی زمروں کیلئے ایوارڈ کی تقریب، خلاکے قومی دِن کے موقع پر اِس ماہ کی 23 تاریخ کو منعقد ہوگی۔ x

## J&K Swachhta Pakhwada

جموں وکشمیر میں کل سری نگر میں جاری سوچھتا اور تعلقات عامہ کے ڈائریکٹریٹ نے سلسلے وار متاثر کن کارروائیوں کا اہتمام کیا۔ انفارمیشن ڈائریکٹر جتن کشور نے کہاکہ سوچھتا پکھواڑہ حکومت کی ایک منفرد پہل ہے جس کا مقصد ملک بھر میں صفائی ستھرائی کو فروغ دینا ہے۔

انہوں نے اس بات کو اجاگر کیا کہ ملک گیر سوچھ بھارت مشن کے حصے کے طور پر یہ پہل اپنے شہریوں کیلئے ایک صاف ستھرا اور سازگار ماحول تشکیل دینے کے حکومت کے عہد کی عکاسی کرتا ہے۔

جناب کشور کی قیادت میں DIPR کے حکام اور افسران نے حکومت کی ایک پہل 'ایک پیڑ شہیدوں کے نام' کے حصے کے طور پر DIPR دفتر میں شجر کاری مہم بھی منعقد کی۔ x

## ECI RS Notification

بھارت کے انتخابی کمیشن نے 9 ریاستوں میں راجیہ سبھا کی 12 سیٹوں کیلئے ضمنی انتخابات کی تاریخوں کا اعلان کردیا ہے۔ اس سلسلے میں اطلاع نامہ، اس ماہ کی 14 تاریخ کو جاری کیا جائے گا اور نامزدگی کے کاغذات، اِس ماہ کی 21 تاریخ تک داخل کئے جاسکیں گے۔ کاغذات کی جانچ پڑتال 22 اگست کو ہوگی اور چناؤ آئندہ ماہ کی 3 تاریخ کو ہوں گے۔ x

## ECI Haryana

بھارت کا انتخابی کمیشن اِس ماہ کی بارہ اور تیرہ تاریخ کو ہریانہ کا دورہ کرے گا۔ وہ آئندہ انتخابات کی تیاریوں کا جائزہ لے گا۔ ہریانہ کے اعلیٰ انتخابی افسر پنکج اگروال نے بتایاکہ بھارت الیکٹرانکس لمٹیڈ کے انجینئرس ریاست کے تمام 22 ضلعوں میں الیکٹرانکس ووٹنگ مشینوں کی پہلی سطح کی چیکنگ کر رہے ہیں۔ سبھی ضلع چناؤ افسران اِس بات کو یقینی بنائیں گے کہ ریاست میں تمام تسلیم شدہ سیاسی پارٹیوں کے نمائندے چیکنگ کے دوران موجود رہیں۔

اعلیٰ انتخابی افسر نے یہ بھی بتایاکہ اِس سال کے اسمبلی انتخابات کیلئے 817 نئے پولنگ بوتھ قائم کیے گئے ہیں جس سے ریاست میں پولنگ بوتھوں کی کُل تعداد 20 ہزار 629 ہوجائے گی۔ x

## Bangladesh Govt Army

بنگلہ دیش میں نوبیل انعام یافتہ پروفیسر محمد یونس کی سربراہی میں عبوری حکومت آج رات حلف لے گی۔ فوج کے سربراہ جنرل وقار الزماں نے کَل میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے یہ بات کہی۔ جنرل وقار الزماں نے امید ظاہر کی کہ تین سے چار روز کے دوران ملک میں حالات معمول پر

آجائیں گے۔ انھوں نے کہا کہ گزشتہ چند دنوں کے دوران ہونے والے جرائم میں ملوث افراد کو ہرگز بخشا نہیں جائے گا اور اُن کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے گی۔

اسی دوران فوج نے عوام سے درخواست کی ہے کہ اگر کوئی شخص تخریب کاری سرگرمیوں، تشدد یا موت کی دھمکیوں کا سامنا کرتا ہے تو وہ نزدیکی فوجی کیمپ سے رابطہ کریں۔x

## Manipur CM

منی پور کے وزیراعلیٰ N.Biren سنگھ نے ریاستی اسمبلی کو مطلع کیا ہے کہ راحتی کیمپوں کی اسکیموں کو چلانے کے لیے 348 کروڑ روپے کی کُل رقم منظور کی گئی ہے۔ اپوزیشن کے ایک ممبر کے ذریعے پوچھے گئے سوال کا جواب دیتے ہوئے جناب سنگھ نے کہا کہ ریاستی سرکار منی پور میں بھارت-میانمار سرحد پر تیزی کے ساتھ باڑھ لگانے کے لیے متعدد سطح پر مرکز کے ساتھ مستقل اشتراک کر رہی ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ ریاستی سرکار نے بھارت-میانمار سرحد سے متصل باڑھ لگانے کے لیے خطرے کے حامل مقامات کی نشاندہی کرنے کے بعد مرکز کو دو تجاویز سونپی ہے۔x

## BSF DG Visit

BSF کے ڈائریکٹر جنرل دَلجیت چودھری نے تریپورہ میں 856 کلو میٹر طویل بھارت-بنگلہ دیش بین الاقوامی سرحد پر سکیورٹی اور عملی تیاریوں کا جائزہ لیا۔ بنگلہ دیش میں جاری انتشار کے دوران انہوں نے کَل اگرتلہ میں Salbagan میں واقع فرنٹیئر ہیڈ کوارٹرس میں BSF کے اعلیٰ اہلکاروں کے ساتھ ایک میٹنگ کی صدارت کی۔

جناب چودھری نے کسی بھی قسم کی دراندازی اور بین سرحدپار جرائم کی روک تھام کرتے ہوئے سرحد کی حفاظت میں نیم فوجی دستوں کی انتھک کوششوں کو سراہا۔

اپنے ایک روزہ دورے کے دوران انہوں نے تریپورہ کے پولیس کے ڈائریکٹر جنرل امیتابھ رنجن اور انٹلی جنس کے ڈی جی انوراگ دھنکڑ سے بھی ملاقات کی۔ x

## Tunishia PM Sacked

تیونیشیا کے صدر قیس سعید نے وزیراعظم احمد Hachani کو برطرف کردیا ہے اور ان کی جگہ سماجی امور کے وزیر Kamal Maddouri کو وزیر اعظم مقرر کیا ہے۔

یہ بات تیونیشیا کے صدارتی دفتر نے کَل رات ایک بیان میں بتائی ہے۔

ملک کے بیشتر حصوں میں بجلی اور پانی کے بحران کے تعلق سے ان کی غیر مقبولیت کے سبب انھیں برطرف کیا گیا۔ جناب Hachaniکو پچھلے سال اگست میں وزیراعظم بنایا گیا تھا۔x

## Paris Olympics

اور اب کچھ خبریں پیرس اولمپکس کی۔

پیرس اولمپکس میں موجودہ اولمپک اور عالمی چمپئن نیزہ پھینکنے والے کھلاڑی نیرج چوپڑا آج رات اپنے خطاب کا دفاع کریں گے اور ایک بار پھر تاریخ رقم کرنے کی کوشش کریں گے۔

اُدھر بھارت کی مردوں کی ہاکی ٹیم آج شام اولمپک میں کانسہ کے تمغہ کیلئے اسپین کا مقابلہ کرے گی۔

بھارتی کھیل شائقین بھی اکھاڑے میں موجود رہیں گے جہاں، بھارت کے واحد مرد پہلوان **Aman Sehrawat** آج سہ پہر مردوں کے **57** کلو گرام فری اسٹائل میں اپنی کارکردگی کا مظاہرہ کریں گے۔ خاتون پہلوان اَنشو بھی خواتین کے **57** کلو گرام فری اسٹائل میں اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کریں گی۔

کَل پیرس اولمپکس میں بھارت کیلئے ایک افسوسناک واقعہ یہ ہواکہ ونیش پھوگاٹ کو **50** کلو گرام فری اسٹائل کُشتی مقابلے کیلئے نا اہل قرار دے دیا گیا۔ ایسا فائنل میں اُن کے پہنچنے کے بعد وزن زیادہ ہونے کی وجہ سے کیا گیا ہے۔ ونیش نے اِس فیصلے کے خلاف کھیل سے متعلق ثالثی کرانے والی عدالت میں اپیل دائر کی ہے۔ **x**

## Cava Womens Volleyball

بھارت نے کاٹھمانڈو کے**Dashrath** اسٹیڈیم میں میزبان نیپال کو تین دو سے ہرانے کے بعد **CAVA** خواتین کی والی بال نیشنز لیگ چمپئن شپ کا فائنل میچ جیت لیا ہے۔ **CAVA** خواتین کے والی بال نیشنز لیگ میں بھارت کا یہ دوسرا خطاب ہے۔ لیگ مرحلے میں نیپال سے ہارنے کے باوجود بھارت فائنلز میں چمپئن شپ میں جیت حاصل کرنے میں کامیاب رہا۔ اِس جیت سے بھارت نے ٹورنامنٹ میں سونے کا تمغہ جیتا جبکہ نیپال نے چاندی اور ایران کو کانسہ پر اکتفا کرنا پڑا۔ **x**

## Cricket

کرکٹ میں کَل کولمبو کے آر پریم داسا اسٹیڈیم میں تیسرے اور آخری میچ میں میزبان سری لنکا نے بھارت کو **110** رن سے ہرانے کے بعد تین میچوں کی ایک روزہ بین الاقوامی سیریز دو-صفر سے جیت لی ہے۔ اِس سے پہلے سری لنکا نے ٹاس جیتنے کے بعد بھارت کیلئے **7** وکٹ پر **249** رن کا نشانہ رکھاتھا۔ تاہم بھارت کی پوری ٹیم **26** اوورس اور ایک گیند میں **138** رن بناکر آؤٹ ہوگئی۔ سیریز کا پہلا میچ ٹائی ہوگیا تھا جبکہ سری لنکا نے دوسرا میچ جیت لیا تھا۔ تیسرا اور آخری میچ جیت کر میزبان سری لنکا **27** سال کے بعد بھارت کے خلاف پہلی باہمی سیریز جیتنے میں کامیاب ہوپایا ہے۔ **x**

## IMD Weather

بھارت کے محکمہئ موسمیات IMD نے شمال مغربی بھارت، مغربی اور وسطی بھارت، مشرقی اور شمال مشرقی بھارت میں پورے ہفتے گرج چمک اور بجلی کے ساتھ دور دور تک ہلکی سے اوسط بارش کی پیش گوئی کی ہے۔ موسمیات کے محکمے نے کہاہے کہ جموں وکشمیر، ہماچل پردیش، اتراکھنڈ اور راجستھان میں اگلے پورے ہفتے دور دور تک ہلکی سے اوسط بارش کا سلسلہ جاری رہنے کا امکان ہے۔ اترپردیش، پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ اور دلّی میں بھی اگلے سات روز کے دوران کہیں کہیں اور دور دور تک بارش ہونے کا امکان ہے۔

کونکن، گوا اور گجرات میں بھی پورے ہفتے دور دور تک ہلکی سے اوسط بارش کا سلسلہ جاری رہنے کا امکان ہے۔ x